افغانی کے مکتوبات کو شائع کر کے شائقین علم وعرفان کے لیے علمی پیاس بجھانے کا ایک اور موقع فراہم کر دیا ہے۔ کتاب کا ٹائٹل خوبصورت اور جلد مضبوط ہے۔

## (۲)

نام کتاب : عکس قرآن (تعلیماتِ قرآن)
مصنف : اشفاق الرحمٰن خان شیروانی
ضخامت : 330 صفحات ۔ قیمت: 100 روپے
ملنے کا پتہ: 51/2 ڈی بلاک ٗماڈل ٹاؤن لاہور فون: 5884917

اشفاق الرحمٰن خان قرآن وسنت کے ساتھ گہرا لگاؤ رکھتے ہیں۔ ان پر فکرِ آخرت کا غلبہ ہے جس کے نتیجہ میں وہ مستند دینی معلومات عام کرنے میں جدوجہد کر رہے ہیں۔ پیرانہ سالی اور ہجوم امراض کے باوجود وہ ہمہ وقت صبر وشکر کا مجسمہ قرآن وحدیث کے علوم ومعارف کے حصول میں لگے ہوئے ہیں۔ وہ کئی کتابوں کے مصنف ہیں جو تمام کی تمام اسلامی تعلیمات کے مختلف موضوعات پر لکھی گئی ہیں۔

عکس قرآن ان کی تازہ ترین کتاب ہے۔ یہ قرآنی تعلیمات کا مرقع ہے جس میں قرآن پاک کی سورتوں میں بیان کردہ چیدہ چیدہ آیات کا ترجمہ ٗمختصر تشریح اور اُن میں بیان کردہ مضامین سے متعلقہ احادیث کا ترجمہ دیا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ وسیع ذخیرۂ احادیث میں سے متعلقہ موضوعات کی احادیث تلاش کرنا کوئی آسان کام نہیں ٗ جسے انہوں نے عزم وہمت کے ساتھ انجام دیا ہے۔ چنانچہ عکس قرآن کی صورت میں یہ مضامین قرآن کا مستند خلاصہ تیار ہے۔ فکرِ سلیم رکھنے والا جو شخص اس کتاب کا مطالعہ کرے گا وہ اسے مفید پائے گا اور بار بار پڑھنا چاہے گا۔

محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ کے مکمل دورۂ ترجمہ قرآن اور دروس وخطابات کے علاوہ تلاوتِ قرآن ٗ کتب احادیث کے تراجم ٗ میثاق ٗ حکمت قرآن اور ندائے خلافت کے تازہ اور سابقہ شمارے ٗ اردو وانگریزی کتب ٗ کیسٹس ٗ سی ڈیز اور مطبوعات کی مکمل فہرست ہماری ویب سائٹ www.tanzeem.org پر ملاحظہ کیجیے!